Paigham e Pakistan
IMWU
Punjab
Paigham e Pakistan

Press gallry

Press gallry

Reflections

Reflections
International Conference
Paigham Pakistan

Reflections

Thursday, March 08, 2018
THE NEWS
Women
POWER
50
Jang
Media
Group
/thenewswomen
@thenewswomen
women.thenews.com.pk

رپورٹ

2019ء

عالمی یوم خواتین: 2019ء

عالمی یوم خواتین کے حوالے سے انٹرنیشنل مسلم ویمن یونین کے زیر اہتمام ایک خصوصی پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس کا عنوان ''حضرت زینبؓ، صبر و شجاعت کی بے مثل راہنما'' تھا۔

"Strong women - Strong Nation"

پروگرام

تاریخ:	6 مارچ 2019ء
بروز:	بدھ
مقام:	پی سی ہوٹل، مال روڈ لاہور
وقت:	2:00 بجے دوپہر تا 9:00 بجے رات
تعداد شرکاء:	600

ویمن ڈے کے حوالے سے درج ذیل اہم افراد کو بھی خطوط لکھے:

۱۔ محترمہ دردانہ صدیقی صاحبہ، قیمہ حلقہ خواتین
۲۔ محترم سراج الحق صاحب، امیر جماعت اسلامی پاکستان
۳۔ محترم صدر الدین ہاشوانی صاحب (چیئرمین ہاشو گروپ اینڈ سنز)
۴۔ محترمہ آشفہ ریاض فتیانہ صاحبہ (صوبائی وزیر ویمن ڈویلپمنٹ)

ویمن ڈے کا پروگرام 4 سیشن پر مشتمل تھا:

۱۔ پہلا سیشن: ''حضرت زینبؓ صبر شجاعت کی بے مثل راہنما''
۲۔ دوسرا سیشن: ''عورت تہذیبوں کا ستون''
۳۔ تیسرا سیشن: ''پیغامِ پاکستان و دخترانِ پاکستان''
۴۔ چوتھا سیشن: ''حلقہ علم و دانش''

محترمی ومکرمی! ____________________ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مارچ کا مہینہ موسم بہار کے اعلان کے ساتھ ساتھ خواتین کو معاشرے میں ممتاز و باعزت مقام دلانے کی نوید بھی سناتا ہے۔
حلقہ خواتین جماعت اسلامی ہر سال اسلامی تاریخ کی نامور خواتین کو نمونۂ عمل کے طور پر اجاگر کرنے کی کوشش میں مصروف ہے۔
اس سال خواتین کے عالمی دن پر ایک سیمینار کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس کا عنوان ہے

حضرت زینب

صبر و شجاعت کی بے مثل راہنما

بدھ 6 مارچ 2019ء گرینڈ بال روم PC لاہور
دوپہر 2 تا رات 9 بجے

متمنی شرکت:
ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی

Dr. Samia Raheel Qazi

JAMAAT-E-ISLAMI (Women Wing)

Request the honor of your company at a Seminar on

حضرت زینب

صبر و شجاعت کی بے مثل راہنما

STRONG WOMEN STRONG NATION

Wednesday 6 March, 2019
2:00 PM to 9:00 PM
The Grand Ballroom, Pearl Continental Hotel, Lahore

8 MARCH
INTERNATIONAL
WOMEN'S DAY

حضرت زینب

صبر و شجاعت کی بے مثل راہنما

- STRONG WOMEN
- STRONG FAMILY
- STRONG SOCIETY
- STRONG NATION

Wednesday 6 March, 2019
2:00 PM to 9:00 PM
The Grand Ballroom, Pearl Continental Hotel, Lahore

8 MARCH
INTERNATIONAL
WOMEN'S DAY

حضرت زینب

صبر و شجاعت کی بے مثل راہنما

بدھ 6 مارچ 2019ء گرینڈ بال روم PC لاہور
دوپہر 2 تا رات 9 بجے

A MESSAGE OF PEACE FROM PAKISTAN

پیغامِ پاکستان

- STRONG WOMEN
- STRONG SOCIETY
- STRONG FAMILY
- STRONG NATION

8 MARCH
INTERNATIONAL WOMEN'S DAY

"پیغامِ پاکستان"

Program insha Allah: | Wednesday 6th March, 6:00PM
Grand Ball Room PC Lahore

PAIGHAM E PAKISTAN ★ A MESSAGE OF PEACE FROM PAKISTAN ★

دختران پاکستان

- STRONG WOMEN
- STRONG SOCIETY
- STRONG FAMILY
- STRONG NATION

8 MARCH
INTERNATIONAL WOMEN'S DAY

"دخترانِ پاکستان"

Program insha Allah: | Wednesday 6th March, 4:00PM
Grand Ball Room PC Lahore

MARCH
INTERNATIONAL


Paigham-e-Pakistan
(The Message of Pakistan)
Islamic Republic of Pakistan

جماعت اسلامی کے تحت ہونے والی کانفرنس کی تیاریاں جاری

STRONG WOMEN...
STRONG NATION

نگران ڈائیریکٹر امور خارجہ جماعت اسلامی خواتین ڈاکٹر سمیحہ راحیل اور انکی ٹیم کی
بھرپور تیاریاں جاری ہیں۔ مہمانوں کو دعوت نامے جاری ہو چکے ہیں
اور انتظامات تکمیل کے مراحل میں ہیں۔



STRONG WOMEN...
STRONG NATION

☆امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق خواتین کانفرنس
سے خصوصی خطاب کریں گے*۔

STRONG WOMEN...
STRONG NATION

سیکریٹری جنرل جماعت اسلامی خواتین دردانہ صدیقی 6 مارچ
کو منعقدہ خواتین کانفرنس کی صدارت کریں گی۔

جماعت اسلامی حلقہ خواتین نے تمام خواتین کو کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی ہے۔

STRONG WOMEN...
STRONG NATION

عالمی یوم خواتین پر خواتین کانفرنس کی مہمان خصوصی
صوبائی وزیر ویمن ڈویلپمنٹ پنجاب آشفہ ریاض فتیانہ ہونگی
کانفرنس میں معاشرے کی تمام طبقہ ہائے فکر کی خواتین شرکت کریں گی۔

MARCH
حضرت زینب

INTERNATIONAL WOMEN'S DAY
حضرت زینب


MARCH
WOMEN'S DAY
STRONG WOMEN...
STRONG NATION
مارچ کا مہینہ بہار کی نوید بھی ہے اور خواتین سے منسوب بھی۔ آج کا یہ
دن یادگار ہے کہ جماعت اسلامی نے مارچ کے مہینے میں یوم خواتین
کو شیر خدا کی شیر دل صاحبزادی حضرت زینب بنت علی رضی اللہ عنہا
سے منسوب کیا ہے۔
ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی
Jamaat-e-Islami Wo


STRONG WOMEN...
STRONG NATION
MARCH
INTERNATIONAL
WOMEN'S DAY
مارچ کا مہینہ بہار کی نوید بھی ہے اور خواتین سے منسوب بھی۔
آج کا یہ دن یادگار ہے کہ جماعت اسلامی نے مارچ
کے مہینے میں یوم خواتین کو شیر خدا کی شیر دل صاحبزادی
حضرت زینب بنت علی رض سے منسوب کیا ہے۔
سمیحہ راحیل قاضی


صبر و شجاعت کی بے مثل راہنما
STRONG WOMEN STRONG NATION
Wednesday 6 March, 2019
2:00 PM to 9:00 PM
The Grand Ballroom, Pearl Continental Hotel, Lahore

STRONG WOMEN
STRONG FAMILY
STRONG SOCIETY
STRONG NATION

STRONG WOMEN
STRONG FAMILY
STRONG SOCIETY
STRONG NATION
"حلقہ علم و دانش"
پی ایچ ڈی ڈاکٹرز سیشن
Program insha Allah:
Wednesday 6th March, 6:00PM
Grand Ball Room PC Lahore

POLITICS

BAKHTAWAR BHUTTO ZARDARI is a Pakistani politician and socialite. From her compassion and commitment to well being of the society, emanates the support to the philanthropist intiatives in the areas of health and education. She engages with the workforce of different organzations, such as Dar-ul-Sukun and Markaz-e-Umeed to improve the lives of the underprivileged. Her efforts also include the collaboration with several other charity institutions to provide rehabilitation goods to those in need.

DR. SAMIA RAHEEL QAZI is a PhD in Family institution. She is the only female member of Council of Islamic Ideology Pakistan and former Member of the National Assembly. She is President, Asian Region, of International Muslim Women Union, an NGO Chartered by the United Nations Organization bearing Economic and Social Council (ECOSOC) status - the largest consortium representing Muslim Women from 70 Countries. She serves in various initiatives and organizations to serve women across the country and the world.



MARYAM NAWAZ is a Pakistani politician and the daughter of former Prime Minister Nawaz Sharif. She is a prominent figure in Pakistani politics, Maryam is involved in political advocacy and has an interest in raising the standard of education in Pakistan. She is also described as the new face of the PML-N political party.

SHAHIDA AKHTAR ALI is a Pakistani politician who had been a member of the National Assembly of Pakistan, from 2002 to 2007 and again from June 2013 to May 2018. She was elected to the National Assembly of Pakistan as a candidate of Jamiat Ulema-e-Islam (F) on a reserved seat for women from Khyber Pakhtunkhwa in Pakistani general election, 2002. She was re-elected to the National Assembly as a candidate of Jamiat Ulema-e-Islam (F) on a reserved seat for women from Khyber Pakhtunkhwa in Pakistani general election, 2013.

ZARTAJ GUL WAZIR is a Pakistani politician and is the current Minister of State for Climate Change, in office since 5 October 2018. She has been a member of the National Assembly of Pakistan since August 2018. Wazir hails from North Waziristan, Khyber Pakhtunkhwa and comes from a middle class Wazir family having no political background.

PUBLIC SERVICE

AYESHA FAROOQ is a female Pakistani fighter pilot. Flight Lieutenant Ayesha Farooq is the first of six female fighter pilots in the force to qualify for battle. She now participates in missions in a F7PG fighter jet alongside her 24 male colleagues in Squadron 20.

BUSHRA BIBI is the first veil-wearing First Lady of Pakistan, wife of the 22nd Prime Minister of Pakistan Imran Khan. Bushra is known for her connection to Sufi islam; prior to her marriage with Khan, she had been his spiritual mentor (murshid). Bushra was born to a conservative, politically influential family from central Punjab. She belongs to the Wattoo clan, of whom the Manekas are a sub-clan. She originates from the town of Pakpattan, located 250km southwest of Lahore.

DR. MALEEHA LODHI is the Permanent Representative of Pakistan to the United Nations and a former High Commissioner of Pakistan to the United Kingdom and Former Ambassador to the United States of America. She has also been a journalist and a member of the UN Secretary General's Advisory Board on Disarmament. Dr. Lodhi has a PhD in Political Science from the London School of Economics. She is a recipient of the prestigious Hilal-i-Imtiaz award.

DR. SEEMI JAMALI is the head of emergency at JPMC, and has been in service for the last 24 years. Dr. Jamali knew at the age of six that she wanted to be a doctor, it was her mother's wish and she wanted to make her dream come true. As she began work at the hospital, she became determined to turn around the emergency ward.

SUHAI AZIZ TALPUR is a Pakistani law enforcement officer, serving as Assistant Superintendent of Police (ASP) since 2013, the third Sindhi woman to serve in the police force of the country. Talpur was praised for her leadership role in foiling the November 2018 terrorist attack against the Chinese consulate in Karachi.

رپورٹ
2020ء

عالمی یوم خواتین: 2020ء

عورت: خاندان اور معاشرے کا دھڑکتا دل

ہاجرہ شاہد، شازیہ محمود

ہر سال کی طرح حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان کی جانب سے خواتین کے عالمی دن کے موقع پر عظیم الشان خواتین کانفرنس منعقد ہوئی۔ خواتین کے پہلے سیشن کا آغاز محترمہ امۃ الحنان کی تلاوت اور خطیبہ کی خوبصورت نعت سے ہوا۔ نعت رسول مقبول ﷺ کے بعد پروگرام کی منتظمہ سابق رکن قومی اسمبلی اور IMWU کی صدر محترمہ ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی صاحبہ نے افتتاحی خطاب میں فرمایا:

مارچ کا مہینہ موسم بہار کی نوید کے ساتھ عورت کے حقوق کے تحفظ کے لیے جدوجہد کی یادآوری بھی کرتا ہے۔ حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان کے سب سے قدیم اور منظم ترین خواتین کے گروہ کی حیثیت سے خواتین کو اپنے دین، اپنی تہذیب، اپنی اقدار و روایات کے ساتھ مربوط رکھتے ہوئے جدید چیلنجز کا مقابلہ کرنے کی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ ہم مارچ کے مہینے میں خواتین اسلام کی نامور رول ماڈلز کو آج کی نوجوان نسل کے سامنے مشعل راہ کے طور پر لاتی ہیں۔ ہم نہ Male Schaunism پر یقین رکھتی ہیں نہ Feminism بلکہ ہم خاندان کے استحکام پر زور دیتی ہیں اور ایک نئی اصطلاح Familism کے علم کو بلند کرتی ہیں۔ ہم انسانوں کو ایک اکائی سمجھتی ہیں اور مرد و عورت کو ایک دوسرے کا رفیق اور معاون سمجھتی ہیں۔ ہم الرجال قوامون علی النساء کی علمبردار ہیں اور فالصالحات قانتات کا علم بلند رکھے ہوئے ہیں۔ ہم یہ کانفرنسز بھی اسی لیے منعقد کرتی ہیں کہ دنیا کو عورت کے اصل کردار سے آشنا کر دیں۔

عورت کا اصل کردار تصور کائنات میں رنگ بھرنا ہے۔ محبت فاتح عالم کی جو خوبی اللہ تعالیٰ نے عورت کو عطا کی ہے اس کی وجہ سے وہ اپنے خاندان، معاشرے اور قوم کا مرکز محبت بن جاتی ہے۔ ہم نے آج کی کانفرنس کو اسی لیے یہ نام دیا ہے کہ: ''**عورت خاندان، معاشرے اور قوم کا دھڑکتا دل**'' ہے۔ عورت تہذیبوں کا ستون ہے اور اسی لیے عربی کا مشہور مقولہ ہے: ''**النساء عماد البلاد**'' ہم عورت کو مرد کی رفیق سمجھتی ہیں وہ فریق نہیں بننا چاہتی۔ ہم مرد اور عورت کو ایک دوسرے کے مدمقابل قوتیں نہیں سمجھتے بلکہ اُن کو ایک دوسرے کا رفیق اور مددگار سمجھتی ہیں۔ اسی لیے ہم خاندان کے استحکام پر زور دیتی ہیں اور عورت کی ترقی کو مضبوط خاندانی نظام کے ساتھ وابستہ سمجھتی ہیں۔ مجھے اُمید ہے کہ آج کی کانفرنس میں عورت کے خاندان کے نظام میں مضبوط اور متحرک کردار پر لائحہ عمل پیش کیا جائے گا۔ ہم اپنے خاندانی نظام کو درپیش چیلنجز کا ادراک کریں گی اور اُن کے حل کے لیے سفارشات مرتب کریں گی۔ میں چاروں صوبوں، گلگت بلتستان اور کشمیر سے آئے ہوئے مہمانوں کے ساتھ ساتھ، انگلینڈ، ترکی اور اُردن کی مہمانوں کو بھی خوش آمدید کہتی ہوں۔ کیتھڈرل چرچ کی NUNS بھی ہمارے ساتھ We are all Mary میں شریک ہونے کے لیے موجود

ہیں اور یونیورسٹی اور کالجز کی طالبات اور عورت مارچ کی آرگنائزر بھی ہماری کانفرنس میں شریک ہیں۔ہم ان سب کو اپنے پروگرام میں شریک ہونے پر خوش آمدید کہتی ہیں۔ میں محترم صدرالدین ہاشوانی صاحب کی تہہ دل سے شکر گزار ہوں کہ جو کئی سالوں سے لاہور کے اس خوبصورت ہوٹل میں ہماری سرپرستی کرتے ہوئے ہمارے میزبان بنتے ہیں۔ میں اپنے امیر سینیٹر سراج الحق صاحب اور اپنی قائد محترمہ دردانہ صدیقی صاحبہ کی بھی بے حد شکر گزار ہوں جن کی سرپرستی کے بغیر ہم اتنے بڑے پروگرام کا تصور بھی نہ کر پاتے۔حلقہ خواتین جماعت اسلامی ضلع لاہور کی قیادت اور تمام کارکنان کی خصوصی شکر گزار ہوں جن کے تعاون کے بغیر ہم اتنی اہم کانفرنس کا انعقاد ممکن نہ بنا پاتے۔

محترمہ شگفتہ عمر صاحبہ نے IMWU کی کارکردگی پر ایک پریزنٹیشن پیش کی۔جس میں IMWU کا قیام اور دنیا کے مختلف علاقوں میں اس کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔انہوں نے بتایا کہ پاکستان اور جماعت اسلامی حلقہ خواتین کے لیے فخر کی بات ہے کہ ڈاکٹر کوثر فردوس صاحبہ اور ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی IMWU کے کلیدی عہدوں پر فائز رہی ہیں۔اس کے اہم کاموں میں عالمی سطح پر خواتین کے مسائل کا ادراک کرنا اور ان کے حل تلاش کرنے کی سعی کرنا ہے۔ ہماری بنیادی ذمہ داری اور توجہ خاندانی نظام اور اس کے استحکام پر مرکوز ہوتی ہے۔خاندان کا ادارہ آج نشانے پر ہے۔لہٰذا Family Empowerment(IMWU) کے ایجنڈے کا اہم حصہ ہے۔اس ضمن میں جو بڑے بڑے پراجیکٹس پاکستان اور دنیا بھر کے مختلف ممالک میں جاری ہیں۔ان میں کمیونٹی سنٹرز کا قیام ۔ میزبان خواتین پروجیکٹ ،امداد خواتین پراجیکٹ ،قواریر فیشن پراجیکٹ شامل ہیں۔ خاندانی نظام کے استحکام کے لیے مختلف پروگرام تشکیل دیئے گئے ہیں۔جن میں والدین کی تربیت کی ورکشاپس اور کتابچے پریزنٹیشن اور جامعات میں پڑھانے کے لیے خاندانی تربیت کا پروگرام وغیرہ ہیں۔ٹیچرز ٹریننگ پروگرام ،اداروں میں کام ،کسانوں کے لیے پراجیکٹ اور حجاب ڈے پر حیاوحجاب کے تصورات اجاگر کرنے کے پروگرام منعقد کیے جاتے ہیں۔

اس کی کشمیر برانچ کے تحت ہیومن رائٹس کمیشن میں کشمیر کی خواتین کی حالت زار کے متعلق آواز بلند کرنا اور آزادیٔ کشمیر کے متعلق پروگرام منعقد کیے جاتے ہیں۔درحقیقت عالمی پروگرام سے آگہی اور اس کے متبادل پلاننگ کرنا معاشرے میں عدل کا قیام ،خاندان کے ادارے کا استحکام اور خواتین کے اصل مسائل سے آگاہی کے ساتھ ساتھ ان کے مستقل حل کی کوشش کرنا IMWU کے قیام کا بنیادی مقصد ہے جس کے تحت مختلف طریقہ کار اور پراجیکٹس چلائے جاتے ہیں۔انہوں نے کانفرنس میں موجود خواتین پر زور دیا کہ انہیں IMWU کے دست و بازو بن کر عالمی تحریک کا حصہ بننا چاہیے تاکہ ہم دنیا میں ایک توانا آواز بن سکیں۔

مذاکرہ:

سابقہ ناظمہ ضلع محترمہ افشاں فرحین صاحبہ نے ایک مذاکرہ کنڈکٹ کرایا۔جس کا عنوان یہ تھا:

’’**بیجنگ پلس فائیو کے تناظر میں عورت اور خاندان ،امکانات ،درپیش مسائل اور ان کا حل**‘‘ اس مذاکرہ میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے منسلک خواتین نے سوالات کے جواب دیتے ہوئے اپنی رائے کا اظہار کیا۔شرکائے مذاکرہ میں درج ذیل خواتین شامل تھیں۔

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی صاحبہ	سابق رکن قومی اسمبلی
میرین شرف	اقلیتی رہنما، پنجاب گورنمنٹ آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ
ڈاکٹر ممتاز اختر	ماہر تعلیم، سابقہ پروفیسر پنجاب یونیورسٹی ڈین سوشل سائنسز UMT
بشریٰ ندیم	ماہر تعلیم، ڈائریکٹر سٹوڈنٹس افیئرز LCWU
مریم ضیاء	نمائندہ نوجوان، کینیڈا
ڈاکٹر ثمینہ کھوکھر	ڈاکٹر بریسٹ کینسر سپیشلسٹ
ڈاکٹر ماہم	ڈاکٹر ورکر آف چائلڈ ابیوز Chlid Abuse
ڈاکٹر حمیرا طارق	اسسٹنٹ پروفیسر گورنمنٹ اسلامیہ کالج کوپر روڈ، نائب قیمہ جماعت اسلامی حلقہ خواتین پاکستان
ڈاکٹر لبنیٰ ظہیر	صحافی، پروفیسر پنجاب یونیورسٹی میڈیا سٹڈیز ڈیپارٹمنٹ
فائقہ سلمان	سوشل ایکٹیوسٹ

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی:

سوال: موجودہ دور میں جو مساوات مرد وزن کا تصور پیش کیا جا رہا ہے۔ اس کو آپ کس نظر سے دیکھتی ہیں اور اسلامی معاشرے میں خواتین کے مقام و مرتبہ پر روشنی ڈالیں:۔

☆ سورۃ النساء کی پہلی آیت مرد و عورت کے باہمی تعلق اور خاندان کے ادارے کے قیام کی ضرورت کو ظاہر کرتی ہے۔ مساوات مرد وزن کوئی جدید نعرہ نہیں بلکہ 1400 سال قبل نازل ہونے والا قرآن اس Equality کا علمبردار ہے۔ ''من نفس واحدۃ'' کے تحت دونوں دنیا میں بالکل برابر حیثیت رکھتے ہوئے اپنی انفرادی برتری بھی قائم رکھتے ہیں۔ شوہر کو قوام بناتے ہوئے بیوی پر ایک درجے فوقیت دی گئی۔ لیکن یہ برتری کفالت کی ذمہ داری کے باعث ہے۔ عورت معاش کی ذمہ داری سے لے کر ہر معاملے میں مرد کی محتاج ہے۔ دوسری طرف مرد اپنے گھر اور خاندان کی بقاء اور استحکام و انتظام کے لیے عورت کا محتاج ہے۔ جہاں ماں کا درجہ تین گنا باپ سے زائد ہونے کا تصور بھی ملتا ہے اور بیٹی اور بہن کی پرورش کرنے میں جنت کی خوشخبری ملی۔ گویا اللہ نے کسی جگہ مرد کو مضبوط اور بلند کیا ہے اور کسی جگہ عورت کو زیادہ اہمیت دی ہے۔

میرین شرف:

سوال: پاکستان میں اقلیتی طبقے کی خواتین کے مسائل کیا ہیں؟

☆ قیام پاکستان کے وقت سے عیسائی کمیونٹی ملک کی بقاء اور فلاح کے لیے مسلسل سرگرم عمل ہے۔ اس کے تحت بڑے بڑے تعلیمی ادارے اور ہسپتال چلائے جاتے ہیں اور پاکستان کے استحکام میں ہمیشہ ہم نے اپنا کردار ادا کیا ہے۔ تاہم ان کی کارکردگی کو نمایاں نہیں کیا جاتا اور ہماری حوصلہ افزائی

میں کمی رہتی ہے۔ پاکستانی معاشرے میں عام خواتین کو جن جن مسائل کا سامنا ہے انہی کا سامنا اقلیتی طبقے کی خواتین کو بھی کرنا پڑتا ہے۔

ڈاکٹر ممتاز اختر:

سوال: آپ ایک استاد اور ماں کی حیثیت کو کیا سمجھتی ہیں کہ خواتین حقوق نوجوان بچی کو آج کے دور میں کن چیلنجز کا سامنا ہے:

☆ میں جماعت اسلامی ویمن کی شکرگزار ہوں کہ انہوں نے مجھے اظہار خیال کا موقع دیا۔ 30 سال پنجاب یونیورسٹی میں پڑھاتے ہوئے اور اب ڈین کی حیثیت سے UMT میں کام کرتے ہوئے میں نوجوان بچیوں کو ایک ہی طرح کے مسائل کا سامنا کرتے دیکھا ہے۔ گھریلو تربیت نہ ہونے کی بناء پر تعلیمی اداروں میں آنے والی کم عمر بچیوں کو جب معاشی اعتبار سے اپنے سے بہتر طالبات نظر آتی ہیں تو وہ احساس کمتری کا شکار ہونے لگتی ہیں اور اپنی خواہشات کے حصول کے لیے غلط ذرائع استعمال کرتی ہیں اور ہمارے معاشرہ نے بچی کو غلطی کی اجازت دیتا ہے نہ اس کی غلطی کو معاف کرتا ہے۔ دوسرا بڑا مسئلہ سوشل میڈیا کا بے محابا اور غلط استعمال ہے اور اس کی وجہ بھی طالبات کو Code of Life اور Ethics کی تعلیم نہ دینا ہے۔ ایک ڈاکٹر نے بتایا کہ اس کے پاس زیادہ تر جوان بچیاں آتی ہیں اور ان میں سے اکثر کو ہارمونز کے مسائل کا سامنا ہے اور اس کی زیادہ تر وجہ سوشل میڈیا ذرائع کا رات گئے تک استعمال ہے اور اس سے جسمانی مسائل کے ساتھ ساتھ شدید قسم کے ذہنی مسائل بھی پیدا ہو رہے ہیں۔ ہمارے تعلیمی ادارے اچھے اور پڑھا کو طالب علم بنا دیتے ہیں مگر ہم اس کو اچھا انسان نہیں بنا رہے۔ لہٰذا میں سمجھتی ہوں کہ تعلیم برائے نوکری نہیں بلکہ تعلیم برائے تربیت ہونی چاہیے۔

ڈاکٹر بشریٰ ندیم:

سوال: خواتین اور طالبات کے مسائل کو آپ کس نظر سے دیکھتی ہیں اور خاندان اس میں کیا کردار ادا کر سکتا ہے۔

میں حلقہ خواتین ویمن ونگ اور جمعیت طالبات کے کردار کو سراہتی ہوں کہ آج کے دور میں یہ مثبت موضوعات کو اپنی گفتگوؤں کا موضوع بناتی ہیں۔ ڈائریکٹر سٹوڈنٹس آفیئرز ہونے کے ناطے براہ راست طالبات کے مسائل سے آگاہ رہتی ہوں۔ آج کی کانفرنس کا موضوع خاص بچیوں سے وابستہ ہے کیونکہ طالبات کی شخصیت کی مضبوطی خاندان کی مضبوطی سے مشروط ہے۔ کردار سازی ماں کا کام ہے۔ دوسری طالبات سے ملنے سے پیدا ہونے والے Complexes کو بھی خاندانی تربیت ہی حل کر سکتی ہے۔ استاد کی ذمہ داریاں بھی بنتی ہیں کہ بچیوں کے مسائل کو سمجھیں اور پڑھانے کے ساتھ ساتھ ان مسائل کو بھی حل کرنے کی کوشش کریں۔ مرد و عورت میں Equality کی روح کو سمجھنا اور اس کو معاشرے میں Implement کرنا بہت ضروری ہے۔

مریم ضیاء:

سوال: بحیثیت ایک طالبہ آپ نے پاکستان میں اور اس کے بعد کینیڈا میں دوران تعلیم جو صورت حال اور مسائل دیکھے ہیں آپ اس کے بارے میں کیا رائے رکھتی ہیں؟

☆ لڑکی چاہے مشرق کی ہو یا مغرب کی اسے ہر جگہ تقریباً ملتے جلتے مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مثلاً تحفظ کے مسائل، ہراسمنٹ، اغوا، تیزاب گردی، غیرت کے نام پر قتل وغیرہ باہر کے ممالک میں قوانین اوران پر عمل درآمد عورت کو شاید کچھ مضبوط کردیتا ہے مگر پاکستان جیسے ملک میں ابھی ان معاملات میں عورت بہت مظلوم ہے۔ تاہم باہر کی نسبت پاکستان کا خاندانی نظام مضبوط ہے جو بہت جگہوں پر عورت کے لیے پناہ گاہ کا کام کرتا ہے جبکہ مغربی ممالک میں نہیں ہے لہٰذا عورت کو اس حوالے سے خاص مسائل، ابارشن، بچے کو اکیلے پالنا جیسے مسائل کو Face کرنا پڑتا ہے۔ تاہم علاقائی روایات خواتین کو حقوق دینے کے حوالے سے اہم کردار ادا کرتی ہیں جیسا کہ مسلم ملک ہونے کے باوجود انڈونیشیا کی عورت پاکستان کی عورت سے زیادہ خود مختار ہے۔

☆ مذاکرہ کے درمیان ایک ڈاکومنٹری دکھائی گئی جس میں پاکستانی خواتین کے چند مسائل کو Highlight کرتے ہوئے ان کے حل پر بات کی گئی۔

ڈاکٹر ثمینہ کھوکھر:

سوال: پاکستان میں طبی حوالے سے خواتین کو جن مسائل کا سامنا ہے۔ اس پر روشنی ڈالیں۔

☆ پاکستانی خواتین کو بے شمار طبی مسائل کا سامنا ہے۔ حکومت کی جانب سے واضح طبی پالیسی نہ ہونا اور سہولیات کی عدم دستیابی اس کا سبب ہے۔ گورنمنٹ ہسپتالوں میں مریضوں کی تعداد، لمبی قطاریں، دوائیوں کا نہ ملنا بڑے مسئلے ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق اپنی خواتین کی تربیت کریں تاکہ بیماریوں میں مبتلا ہونے کی نوبت نہ آئے۔ صفائی کا شعور پیدا کیا جائے۔ خواتین میں طبی شعور پیدا کرنے کے لیے سوشل میڈیا کا مثبت استعمال ضروری ہے۔ صبح کے وقت مارننگ شوز وغیرہ میں خواتین سے متعلقہ صحت کے پروگرام پیش کیے جائیں۔ مگر لگتا ہے کہ صحت ہماری ترجیح نہیں۔

☆ خواتین ڈاکٹرز دور دراز کے علاقوں میں نہیں پہنچ پاتیں جبکہ عموماً خواتین اپنے مسائل خواتین ڈاکٹرز سے ڈسکس کرنا چاہتی ہیں۔ مختلف علاقوں میں چھوٹے چھوٹے ہیلتھ سینٹرز وہاں لیڈی ڈاکٹر کی دستیابی، سہولیات کی فراہمی اور وہاں تک خواتین کی بآسانی رسائی کو ممکن بنایا جائے۔ کوئی طبی ہیلپ لائن قائم کی جاسکتی ہے۔ خواتین فیملی ٹائم میں اپنی صحت کو بھی اہمیت دیں۔ ایسی این جی اوز قائم کی جائیں کہ جو غریب خواتین کی بیماریوں کا علاج کرانے کی متحمل نہیں اور ان کے گھر کے مرد اس ضمن میں اپنی ذمہ داری پوری نہیں کرتے تو وہ ان کو مالی امداد فراہم کریں اور عورتوں کی جسمانی کے ساتھ ساتھ نفسیاتی بیماریوں کا علاج بھی عام کیا جائے۔

ڈاکٹر ماہم:

سوال: آپ خواتین کے مسائل کو کس نظر سے دیکھتی ہیں؟

☆ خواتین میں بریسٹ کینسر کے بڑھتے ہوئے کیسز بڑا مسئلہ ہیں اور اس کا علاج مرد ڈاکٹروں سے کرانے کو خواتین اور ان کے اہل خانہ آمادہ نہیں ہوتے اور نہ ہی ان کو چیک کراتے ہیں اور اس کو ایک Shameful مسئلے سمجھنے کے باعث بیماری پکڑنے کے بعد ہی ڈاکٹر سے رابطہ کیا جاتا

ہے۔لہٰذا اس حوالے سے خواتین اور معاشرے کی سوچ بدلنے کی ضرورت ہے۔دوسرا بڑا مسئلہ خواتین کو ہراساں کرنے کا ہے۔کسی بھی وقت، کسی بھی جگہ ہراسمنٹ عورت کے خلاف بڑا ہتھیار ہے۔ان مسائل میں فیملی کا مثبت کردار، اس مسئلے کو حل کرنا۔قانونی چارہ جوئی کرنا اور پھر ان سب سے گزرتے ہوئے معاشرے میں Survive کرنا خواتین کے لیے ایک مشکل مرحلہ ثابت ہوتا ہے۔

ڈاکٹر حمیرا طارق:

سوال: تعلیمی اداروں میں ہراسانی اور دیگر مسائل کو کیسے حل کیا جاسکتا ہے؟

☆ ایک تو یہ بات ذہن میں رہے کہ ہر جگہ مرد ہی عورت کے حقوق سلب نہیں کررہا بلکہ عورت بھی عورت کے حقوق تلفی کررہی ہے۔تعلیمی اداروں میں ہراسمنٹ کے مسائل میں اضافہ کی ایک وجہ استاد کے ہاتھ میں موجود کچھ ''ممبرز'' بھی ہیں۔مرد اساتذہ اور خواتین طالبات کا باہمی رابطہ بھی بعض اوقات ان مسائل کا سبب بنتا ہے۔معاشرہ استاد بناتا ہے مگر وہ استاد وہ اپنی ذمہ داری سمجھے اور اس کو اس ذمہ داری کی ادائیگی کی آزادی ہو تو ہی وہ اپنا کردار ادا کرسکتا ہے۔ہمارا معاشرتی نظام استاد کے اس کردار کو پنپنے نہیں دے رہا۔استاد کا ہر جگہ استحصال ہتھکڑیاں لگانا، بے عزت کرنا، بے اختیار ہونا یہ سب وہ مسائل ہیں جن کا استاد کو سامنا کرنا پڑا ہے۔دوسری طرف استاد کی تربیت کا نہ ہونا بھی ایک بڑا مسئلہ ہے جو اس کی ذمہ داریوں کی ادائیگی میں رکاوٹ بنی ہے۔استاد کے پیشہ کو پیغمبرانہ پیشہ سمجھنا اور اس کی نزاکت کا احساس کرنا، طالب علم کی دینی و دنیاوی تربیت میں بہت ضروری ہے۔استاد کو اس کے بنیادی حقوق ملنے چاہیں تاکہ وہ باعزت طریقے سے جاب کرسکے اور اس کو اس کی ذمہ داریوں کا احساس دلانا بھی ضروری ہے۔

ڈاکٹر لبنیٰ ظہیر:

سوال: مارکیٹنگ کی دنیا میں خواتین کا استحصال جاری ہے۔اس استحصال کو ختم کرنے اور خواتین کو ان کے حقوق دلانے میں میڈیا کیا کردار کررہا ہے۔

☆ میڈیا کے ذریعے کوئی بھی پیغام بہت تیزی سے معاشرے میں پھیلایا جاسکتا ہے۔تعلیم کی طرح میڈیا میں بھی خواتین کی تعداد میں اضافہ ہورہا ہے۔لیکن میڈیا اپنے کردار کو اچھی طرح سے ادا نہیں کررہا۔میں سمجھتی ہوں کہ جب ہم دیگر مسائل میڈیا پر مختلف انداز سے پیش کرتے ہیں تو حجاب کو بھی مثبت انداز میں پیش کیا جانا چاہیے۔دیگر Trends کی طرح دوپٹے اور اخلاقیات کو بھی معاشرتی Trends بنایا جائے۔میڈیا Trend Setter اور Culture Developer ہے، اور اسے اپنا مثبت کردار ادا کرنا چاہیے اور مختلف معاملات میں آگاہی پیدا کرنی چاہیے۔

فائقہ سلمان:

سوال: ''خواتین کے حقوق'' کے مطالبے کو آپ کس نظر سے دیکھتی ہیں؟

☆ حقوق حاصل کرنا سب کو اچھا لگتا ہے اور ہر رشتہ اپنے حقوق رکھتا ہے لیکن اسلام حقوق و فرائض دونوں کی بات کرتا ہے۔خواتین کے حقوق کے حوالے سے بھی میں یہی کہوں گی کہ جب ہر کوئی اپنے فرائض ادا کرے گا تو حقوق خود بخود ملنے لگیں گے۔

☆ اسلام نے وراثت کا حق، ملکیت کا حق اور حق مہر کی صورت میں جو خواتین کو حقوق دیئے ہیں۔ اگر ہم خواتین ہی یہ حق دوسری خواتین کو دینے لگیں گے۔ صرف غریب خواتین کی ہی حق تلفی نہیں ہوتی بلکہ اعلیٰ تعلیم یافتہ اور اچھا کمانے والی خواتین بھی اس معاشرے میں ہمیں ظلم و زیادتی کا شکار نظر آتی ہیں۔ ہمارے ہندوؤں سے ملتا جلتا فیملی سسٹم بھی ان حقوق کی عدم ادائیگی کا ذمہ دار ہوسکتا ہے۔ جہیز اور دیر سے شادی اور بہت سے مسائل میں جن پر بات ہوسکتی ہے۔

مذاکرے کے بعد اللہ کے رسول ﷺ سے محبت کے اظہار اور خواتین کے متعلق ان کی تعلیمات سے آ گاہی کے لیے ایک Love Muhammad (PBUH) Acitivy پیش کی گئی جس میں چھوٹی بچیوں نے عربی، انگلش اور اردو میں احادیث پیش کیں۔

خطاب قیمہ حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان محترمہ دردانہ صدیقی صاحبہ

میں ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی صاحبہ اور ان کی ٹیم کو اتنا اچھا پروگرام پیش کرنے پر مبارک باد پیش کرتی ہوں۔

8 مارچ خواتین کے حقوق کا عالمی دن ہے۔ جماعت اسلامی حلقہ خواتین کی جدوجہد ہر پاکستانی عورت کے لیے باعزت اور محفوظ زندگی کی جدوجہد ہے اس محفوظ زندگی کے لیے خاندان کی بقاء ضروری ہے۔ ایک طرف مغربی تہذیب و ثقافت کا سیلاب ہے۔ دوسری طرف قدامت پرستی و قدیم روایات کے علمبردار جو رسوم و رواج کو سامنے رکھتے ہوئے وقت کے تقاضوں سے صرف نظر کر رہے ہیں۔ اگر ہم بنیادوں کو کمزور کرتے ہیں یا جدید تہذیب کے آگے سپر ڈال دیتے ہیں تو دونوں صورتوں میں خواتین کے حقوق کا حصول ممکن نہیں۔

آئین نو سے ڈرنا طرز کہن پر اڑنا
منزل یہی کٹھن ہے قوموں کی زندگی میں

عورت معاشرے کا لازمی جزو ہے اور سماج کی صورت گری کرنے والا ہے۔ امہات المؤمنین اور پاکباز صحابیات کا معاشرے میں مضبوط ،متحرک اور خود مختار کردار نظر آتا ہے۔ پاکستان کی تاریخ میں فاطمہ جناحؒ جیسی مثالیں موجود ہیں جنہوں نے حدود کی پاسداری کرتے ہوئے معاشرے اور خاندان کو فیض پہنچایا۔ اسلامی تاریخ میں عورت کا ہمیں درخشاں کردار نظر آتا ہے۔ پاکستان کی عورت کو جو چیلنجز درپیش ہیں ان میں سے سسٹم کی خرابی کا مسئلہ بنیادی ہے۔ انصاف کی عدم دستیابی، حکومتی ترجیحات کا تعین نہ ہونا بھی مسائل کا سبب ہے۔

ایک موضوع عورت کی صحت کا ہے اگر عورت معاشرے کے لیے دل کی حیثیت رکھتی ہے تو اس کا صحت مند ہونا ضروری ہے۔ صحت مند اولا د اور اس کی اچھی تربیت صحت مند خاتون کے ذریعے ممکن ہے۔ دوران زچگی اموات کی کثرت اور نومولود بچوں کی اموات کی شرح پاکستان میں کافی بلند ہے۔ اس سلسلے میں قانون سازی و اقدامات کی ضرورت ہے۔ اس طرح معاشرے کی معذور خاتون کے لیے بھی اقدامات کیے جانے چاہئیں۔

خواتین کی معاشی خود انحصاری بھی آج کے دور کا ایک اہم موضوع ہے۔ عورت کو اسلام نے اس فکر سے آزاد رکھا ہے اور مرد کو ہر طرح کے معاشی معاملات کا نگران رکھا گیا ہے۔ لیکن اگر وہ اپنی خوشی سے کام کرے اور مرد سے زیادہ کمائے تو بھی گھر کی کفالت مرد ہی کے ذمے ہے۔ اسلام کے

دیئے گئے حقوق پر عمل درآمد کو ممکن بنانا ضروری ہے۔ ملازمتوں میں خواتین کا کوٹہ، انٹرنیشنل ایجنڈا ہے۔ عورت کو روزگار دیں مگر مرد کے روزگار کی قیمت پر نہ دیں۔

جاگیردارانہ سسٹم کے جبر کا شکار خواتین، گھریلو ورکرز خواتین، کسان عورتیں، گھریلو تشدد کا شکار خواتین، ہراسانی کا شکار خواتین، سب کے لیے قانون سازی ہونی چاہیے۔ اس طرح کے معاملات قابل مذمت ہیں۔ بات مشرق و مغرب کی نہیں بلکہ تمام دنیا کے مسائل یکساں ہیں۔ اسلام کا دیا گیا نظام معاشرت اور نظام حقوق فرائض مکمل ہیں۔ عورت کے لیے تصور حجاب سے تو پہلے مرد کے لیے غضِ بصر کا حکم ہے۔ نکاح کے رشتے کا قیام عورت کی حفاظت کے لیے محرم ونامحرم کی حدود اور خاندانی نظام سب فلاح خواتین کے لیے ہیں۔

میڈیا کے ذریعے عورت کا مسلسل استحصال جاری ہے۔ Child Abuse اور Rape جیسے واقعات قابل برداشت نہیں ہم اپنے معاشرے کو بچوں بالخصوص بچیوں کے لیے محفوظ بنانا چاہتے ہیں۔ لہٰذا حالات کو سدھارا جائے تاکہ ایسے واقعات جنم نہ لیں اور ظلم کرنے والے افراد سے آہنی ہاتھوں سے نپٹا جائے۔

خواتین کو یکساں اور مؤثر تعلیم کے مواقع حاصل ہوں اور اس دوران میں کسی قسم کی ہرسانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ عورت کی سیاسی نمائندگی 33 فیصد ہے۔ دنیا بھر میں اس حوالے سے پاکستان تیسرے نمبر پر ہے جبکہ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں یہ شرح انتہائی کم ہے۔ مگر اسمبلیوں میں موجود خواتین کی بڑی تعداد بھی خواتین کے لیے کچھ نہیں کر پارہی۔ ملک میں اچھا طرز حکمرانی عورت کے مسائل کا حل ثابت ہوسکتا ہے۔

غیر اسلامی رسوم ورواج، ونی، سوارا، کاروکاری، قرآن سے شادی جیسے معاملات بھی معاشرے ناقابل برداشت ہیں۔ جماعت اسلامی حلقہ خواتین اس ضمن میں اپنا کردار ادا کرتی رہی ہے اور کرتی رہے گی۔

خطاب مہمان خصوصی آشفہ ریاض فتیانہ، ممبر قومی اسمبلی، ڈائریکٹر ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ

میں ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی کو مبارک باد پیش کرتی ہوں کہ ویمن ڈے کے حوالے سے اتنا خوبصورت پروگرام پیش کیا اور خواتین کے مسائل کے حوالے سے کوئی پہلو ایسا نہیں جو اس پروگرام میں تشنہ رہا ہو۔ 8 مارچ کو پوری دنیا کی طرح پاکستان میں بھی خواتین کا دن منایا جاتا ہے۔ پاکستان کے آئین کے تحت مرد وعورت کی ہر طرح کی تفریق کو ختم کیا گیا ہے۔ 1973ء کے آئین کی شق نمبر 28 میں مرد و عورت کے مساوی حقوق کی بات کی گئی ہے۔ لیکن میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ خواتین اپنی سماجی ذمہ داریوں کو محض اداروں کے ذمے نہ ڈالیں۔ دردانہ صدیقی صاحبہ نے جو مطالبات پیش کیے ہیں میں ان سب سے متفق ہوں اور اس بات سے بھی کہ حقوق کے ساتھ ساتھ فرائض کی ادائیگی کو بھی مدنظر رکھنا چاہیے۔ ففتھ جنریشن وار میں ہمارا میڈیا اور سوشل میڈیا ہے اور اس کا منفی استعمال مسلسل بڑھ رہا ہے۔ ماں نے اپنے بچے کو میڈیا کے سپرد کردیا ہے اور بچہ وہی سیکھ رہا ہے جو یہ میڈیا اس کو سکھا رہا ہے۔ ہمیں ان حقائق کو تسلیم کرنا چاہیے۔ ہمارے ہاں ایک کمانے والا اور دس کھانے والے ہیں۔ لہٰذا ہمیں ہر بچے کو پڑھا لکھا کر معاشرے طور پر مستحکم کرنا ہے۔

ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ میں ہر قسم کی قانونی و عملی امداد دینے کے لیے عملہ موجود رہتا ہے جو رہنمائی بھی کرتے ہیں اور مسائل کو حل بھی کرتے ہیں۔ ڈے کیئر سنٹرز اور اولڈ ایج ہوم کی بڑی تعداد میں قائم کیے جا رہے ہیں۔ یہ اگرچہ ہمارے معاشرے کا المیہ ہے لیکن ضرورت بھی ہے۔ ہم خواتین کے مسائل کے حل کے لیے مسلسل کوشاں ہیں۔

اس کے بعد پہلا سیشن اختتام پذیر ہوا۔ نماز ظہر اور ظہرانے کا وقفہ ہوا اور پرل کانٹی نینٹل کے خوبصورت ہال میں محترم صدرالدین ہاشوانی صاحب کی طرف سے ظہرانہ پیش کیا گیا۔

دوسرے سیشن کا آغاز محترمہ مریم کی خوبصورت تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ تلاوت کے بعد محترمہ خطیبہ نے خوبصورت آواز میں نعت رسول مقبولؐ پیش کی۔

اے میرے نبی محترم — اے میرے نبیؐ صدق و صفا

اس سیشن میں کشمیر، فلسطین، برما میں خواتین پر جو ظلم و ستم پر مبنی ویڈیو دکھائی گئی۔ ہم بھی القدس کی خواتین کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے ان کے ساتھ کھڑے ہوگئے۔ فجر کے وقت جب دوسرے سب سو رہے ہوتے ہیں تو مسلمان مسجد اقصیٰ کی طرف جاتے ہیں۔ اسی طرح کشمیر میں جس طرح ہندوستان نے ظلم و ستم کا بازار گرم کر رکھا ہے وہ کس طرح اپنی زندگی موت کے درمیان صبر کا مینار بن کر کھڑے ہیں۔

ڈاکٹر رخسانہ جبیں صاحبہ، صدر ویمن اینڈ فیملی کمیشن جماعت اسلامی پاکستان نے جنگوں میں متاثرہ عورت کے موضوع پر گفتگو کی۔

جنگ سے تمام انفراسٹرکچر متاثر ہوتا ہے۔ ایک مرد شہید ہو تو بیوہ تو عورت ہوتی ہے یتیم بچے بھی عورت کو سنبھالنے پڑتے ہیں۔ جب اخلاقی حدود و قیود سے قوم عاری ہو جاتی ہے تو قوم میں عورت سب سے زیادہ متاثر ہوتی ہے۔ جنگ کے دوران بے گھر ہو کر لائنوں میں خوبصورت اور باعزت خواتین راشن کے لیے کھڑی ہوتی تھیں۔ کشمیر کا غم ہمیں بتلاتا ہے کہ عصمت دری، تشدد اور ظلم و جبر کی شکار عورت کس طرح مظلوم ہے۔ ہزاروں خواتین قید و جبر کی زندگی گزار رہی ہیں۔ عصمت دری، فوجی ہتھیار کی صورت اختیار کر چکی ہے۔ اسی طرح فلسطین میں 20 لاکھ لوگ انسانی و مسائل اور خوراک کی کمی کا شکار ہیں۔ برما اور روہنگیا میں بھی اعداد و شمار بے شمار تھیں۔ مہاجر خواتین کی انسانی سمگلنگ کی روک تھام کی ضرورت ہے۔

پوری اُمت بہت مشکلات کا شکار ہیں ہماری فلسطین کی مائیں بہنیں اور بیٹیاں بہت عظیم ہیں جو پوری اُمت کی طرف سے ایسا فرض نبھا رہی ہیں۔ ان کے بچے شہید ہو رہے ہیں۔ پھر بھی نا اُمید نہیں تھیں اُن کی جدوجہد نے یہودی سازشوں کو بے نقاب کیا کہ آج اس تشویش میں کشمیری مائیں اور آسیہ اندرابی گزشتہ کئی دہائیوں سے قید و بند کی صعوبتیں برداشت کر رہی ہیں۔ سکول ادارے سب بند پڑے ہیں۔ ہمیں ان سب کا پشتیبان بن کر کھڑا ہونا پڑے گا۔

محترمہ شازیہ عبدالقادر صاحبہ نے جامعۃ المحصنات منصورہ لاہور کے تعاون سے ایک Skit پیش کیا جس کا عنوان تھا آئیں حضور نبی کریم ﷺ سے محبت کا اظہار کریں۔ ننھی منھی بچیوں نے پریوں کی صورت میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی احادیث عربی متن اور اُردو اور

انگریزی تراجم کے ساتھ پیش کر کے حاضرین کے دل موہ لیے۔

اسماء علی محمد جوارض فلسطین سے کلنا مریم مہم کے سلسلے میں تشریف لائیں تھیں سب کو ارض فلسطین کی مریمات اور مرابطات کا سلام پیش کیا۔ سورۃ بنی اسرائیل کی تلاوت سے اپنی بات کا آغاز کرتے ہوئے مسجد اقصیٰ کی فضیلت بیان کی۔ جس طرح حضرت مریم علیہ السلام نے مسجد اقصیٰ کی خدمت کی۔ ہم سب کو بھی اپنی مساجد کو معاشرے کا مرکز بنانا چاہیے اور ان کی خدمت اور حفاظت کرنی چاہیے۔

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی صاحبہ نے کلنا مریم (We Are All Mary) سیشن کا افتتاح کرتے ہوئے اس تنظیم کا تعارف پیش کیا کہ مسجد اقصیٰ کی حفاظت کے لیے پوری دنیا میں عورتوں نے حضرت مریم علیہ السلام کو اپنا رول ماڈل بناتے ہوئے اس پروگرام کا آغاز کیا ہے کہ حضرت مریمؑ مزاحمت کا ایک استعارہ ہیں جو پوری دنیا کی مظلوم خواتین کے لیے عزم و ہمت کی علامت ہیں۔ فلسطین کی خواتین اپنے آپ کو مریمات کہتی ہیں اور وہ دنیا کی ہر مظلوم عورت چاہے وہ کسی بھی رنگ، نسل، علاقے اور مذہب سے تعلق رکھتی ہو اُس کو اپنی اس تنظیم میں شمولیت کی دعوت دے رہی ہیں۔

انہوں نے اس دوران ویڈیو کلپس کے ذریعے فلسطین اور کشمیر کی خواتین پر مظالم کی داستان سے آگہی بھی دی اور ہال میں دبی آوازوں کی سسکیوں نے ماحول کو غم ناک کر دیا۔ ڈاکٹر کوثر فردوس صاحبہ نے آئندہ کا لائحہ عمل پیش کرتے ہوئے اس بات کا تذکرہ کیا کہ حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان نے عورت کو اپنی روایت سے بھی جوڑا ہے اور مستقبل کے چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کی صلاحیت بھی بخشی ہے۔ اس طرح کی کانفرنسوں سے ہمیں معاشرے کے مختلف طبقۂ ہائے فکر کی عورت سے تبادلۂ خیال کا موقع بھی ملتا ہے اور اُن کے شعور اور اجتماعی دانش سے معاشرے کو مستفید ہونے کا موقع بھی ملتا ہے۔

انہوں نے دعا سے اپنی بات کا اختتام کیا کہ آنے والا دور مسلمان عورت کے لیے امن اور آشتی کا دور ثابت ہو اور ہم اپنے کردار سے معاشرے کو منور کر سکیں۔ اسی اثناء میں سینیٹر سراج الحق صاحب امیر جماعت اسلامی پاکستان بھی ہال میں داخل ہوئے اور انہیں اسٹالز کا دورہ کرایا گیا۔ ساجدہ احسان، کرن، عامر اور ثمینہ ابراہیم نے ہال کے چاروں طرف بہت خوبصورت اسٹالز آراستہ کیے تھے۔ ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی نے اپنے امیر جماعت کو دعوتِ خطاب دی اور سینیٹر سراج الحق صاحب نے اپنے پرجوش خطاب میں حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا جو اپنی ولولہ انگیز قیادت اور بلند ہمت کارکنان کے ذریعے معاشرے میں عورت کا ایک باوقار کردار پیش کر رہی ہیں۔ وہ اپنے خاندان کے ادارے کو بھی مستحکم کر رہی ہیں اور زندگی کے ہر شعبے میں پیش قدمی کر رہی ہیں۔ انہوں نے کانفرنس کے انعقاد پر ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی کو مبارکباد پیش کی کہ اس پلیٹ فارم پر مختلف الخیال لوگوں کا جمع کرنا آپ سب کی ایک بڑی کامیابی ہے۔ ہمیں سب لوگوں کو ساتھ لے کر چلنا ہے۔ قدر مشترک پر اکٹھا کرنا ہے۔ جماعت اسلامی اسی لیے مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ نے قائم کی تھی کہ ہم مشترکات پر قوم کو اکٹھا کریں۔

پروگرام کے آخر میں امیر جماعت اسلامی پاکستان محترم سینیٹر سراج الحق صاحب نے اپنی اہلیہ محترمہ اور جماعت اسلامی حلقہ خواتین کی قیادت کے ہمراہ پریس کانفرنس کی اور مارچ کے مہینے میں جماعت کی طرف سے تکریم نسواں مہم کا اعلان کیا جس کے تحت پورے ملک میں جماعت اسلامی

کے تحت عورت کے تحفظ کی مہم چلائی جائے گی اور سفارشات پیش کر کے حکومت کو ان پر عمل درآمد کے لیے کہا جائے گا۔ اس بیس روزہ مہم کا سرکلر محترمہ دردانہ صدیقی صاحبہ قیمہ حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان نے ایک دن پہلے کراچی میں پریس کانفرنس کے ذریعے مشتہر کر دیا تھا۔

پریس ریلیز

بموقع ۸ مارچ یوم خواتین ۲۰۲۰

حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان

پاکستان میں جماعت اسلامی حلقہ خواتین کا ملک گیر ہمہ جہت کام ستر برس کی سنہری تاریخ رکھتا ہے۔ ان رضا کار خواتین نے نہ صرف دعوتِ دین کا دائرہ ملک بھر میں پھیلایا بلکہ ملک وقوم پر آنے والے ہر مشکل وقت میں پاک فوج اور حکومتی اداروں کے شانہ بشانہ اپنا بے لوث کردار ادا کیا۔ جماعت اسلامی سے منسلک خواتین نے ہمیشہ قدرتی آفات، جنگوں اور سانحات کی صورت میں بروقت پہنچ کر مصیبت زدہ عورتوں بچوں کی مدد کی ہے۔ آج وقت کے بدلتے ہوئے تقاضوں کے ساتھ جماعت اسلامی کے تحت عورتوں کی فلاح کا پروگرام ہمہ پہلو اور ہمہ گیر ہو چکا ہے۔ اور اس وقت خواتین میں رفاہی کام کا ملک میں سب سے بڑا نیٹ ورک جماعت اسلامی کے تحت کام کر رہا ہے۔

اس میں عورتوں کے اندر غربت کے خاتمے (Poverty alleviation) کے لیے ان کو باعزت روزگار کی فراہمی، ہنرمندی اور گھریلو صنعتوں کے فروغ کے پراجیکٹ شامل ہیں۔ مظلوم عورتوں کی قانونی امداد، کام کرنے والی عورتوں کے لیے سازگار ماحول، عورتوں کی بہتری پر قانون سازی کے لیے Advocacy بھی اس کام کا حصہ ہے۔ بے سہارا عورتوں اور بچوں کے لیے سکونت، غریب بچوں کی تعلیم وتربیت اور جیلوں میں عورتوں بچوں کی بہتری جیسے کئی منصوبوں پر عمل ہو رہا ہے۔

پسماندہ علاقوں میں عورتوں کو صحت کی سہولیات دینے کے لیے فری میڈیکل کیمپس لگائے جاتے ہیں، ساتھ ان کو حفظانِ صحت، تربیت اولاد اور بہتر خاندان کی آگاہی دی جاتی ہے۔ دعوتِ دین، اصلاحِ معاشرہ، رفاہِ عامہ اور آگاہی کا یہ جامع پروگرام ملک کے چاروں صوبوں، شمالی علاقہ جات اور آزاد کشمیر میں تقریبا ہر شہر اور بیشتر دیہاتوں میں جاری ہے۔ اس کے علاوہ پارلیمانی سطح پر بھی ہماری خواتین جب بھی ایوانوں میں موجود رہی، انہوں نے عورت کی بہبود کے لئے قانون سازی کی، خواہ وہ جہیز کے خلاف بل کی منظوری ہو یا ملازمت کے اوقات کار میں کمی کا بل۔ دیگر بل کی تفصیلات کچھ یوں ہے۔۔۔ بیوہ یا سنگل خواتین کو ٹیکس سے مستثنی، گھریلو تشدد کا بل، صحافیوں کے تحفظ کا بل، چھوٹی بچیوں پر زیادتی کرنے والوں کی سزا میں اضافہ کا بل، لیڈی ہیلتھ ورکرز کے مسائل کے لئے فورم کی تشکیل، وغیرہ اور اسی نوع کے مختلف اور بلز۔۔۔۔ 2002 سے 2007 تک کی اسمبلی میں جماعت اسلامی کی خواتین کارکردگی کے لحاظ سے ٹاپ ٹین میں شمار ہوتی ہیں۔ جب کہ 2013 سے 2018 کی اسمبلی میں عائشہ سید کی کارکردگی کو فافن اور پلڈاٹ کے مطابق ٹاپ 5 میں شامل کیا گیا۔

اسی ذیل میں اس بات کا بھی اضافہ کرنا چاہوں گی کہ بین الاقوامی فورمز پر بھی پاکستانی خواتین کی جماعت اسلامی نے بھرپور نمائندگی کی ہے۔ اس وقت بھی جماعت اسلامی خواتین کا ایک وفد اقوام متحدہ کے اجلاس بعنوان CSW65 میں شرکت کے لئے امریکہ جا رہا ہے۔

عالمی یوم خواتین کے موقع پر ہم اپنے عزم کو دہراتے ہیں کہ جماعت اسلامی حلقہ خواتین کی جدوجہد ہر پاکستانی خاتون کے لیے ایک باعزت اور محفوظ زندگی کی جدوجہد ہے۔ ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ عورت کی خوشیاں اس کے خاندان سے منسلک ہیں اور ایک پرسکون زندگی کے لیے خاندان کی بقا ضروری ہے۔ عورت کا حق ہے کہ اس کی اور اس کے بچوں کی کفالت کی جائے اور اگر ضرورت پڑے تو اس کو باعزت روزگار کمانے کے مواقع بھی فراہم کیے جائیں۔ ہمارے ہاں ورکنگ ویمن کے لیے مناسب سہولتوں کا فقدان ہے۔ بچے کی پیدائش اور پرورش کے لیے عورتوں کو جس طبی امداد کی ضرورت ہوتی ہے، ہمارے گاؤں دیہاتوں اور کئی دور دراز علاقوں میں رہنے والی عورتیں اس سے محروم ہیں۔

تعلیم ہر انسان کا بنیادی حق ہے اور ہمارے دین کا حکم، مگر بہت سے پسماندہ علاقوں کے جاگیردارانہ نظام میں لڑکیوں پر تعلیم کے دروازے بند کیے گئے ہیں جبکہ ان علاقوں کے نمائندے ہماری پارلیمنٹ میں موجود ہیں۔ ہم پاکستانی عورت کو وہ تمام سماجی اور معاشی حقوق دلوانا چاہتے ہیں جو اسلام ان کو دیتا ہے مگر ہمارا معاشرہ یا قانون ان کی فراہمی میں رکاوٹ بنتا ہے۔ ہمارا ماننا ہے کہ پاکستان کے کئی علاقوں میں عورت ایسے رسوم و رواج اور روایات کی پابند ہے جو بحیثیت انسان اس کی حق تلفی کا باعث ہیں اور ہمارے دین کے منافی ہیں۔ ان رواجوں کا خاتمہ کرنے کے لیے اصلاح معاشرہ کے ساتھ ساتھ قانونی جدوجہد بھی ہمارے پروگرام میں شامل ہے۔

بحیثیت انسان ہم عورت اور مرد کی برابری میں یقین رکھتے ہیں، اور یہ سمجھتے ہیں کہ میڈیا پر مصنوعات اور content بیچنے کے لیے عورت کی خوبصورتی کو استعمال کرنا بطور انسان عورت کی توہین ہے۔ بحیثیت عورت اللہ نے اس کے اندر جو کشش رکھی ہے اس کے استحصال کی معاشرے کو اجازت نہیں ہونی چاہیے۔ ہمیں اس امر پر بھی گہری تشویش ہے کہ موجودہ دور میں انٹرنیٹ جس اخلاق باختگی کو فروغ دے رہا ہے اس کا براہ راست نشانہ ہمارے بچے بن رہے ہیں، خصوصاً بچی (Girl child) جس کی پیدائش کو ہمارے دین میں رحمت کہا گیا، اس کی حفاظت والدین کے لیے ایک پریشان کن مسئلہ بنتا جا رہا ہے۔ زینب اور نور جیسے واقعات ایک مسلم معاشرے کے لیے بدنما داغ ہیں۔ ہم اپنے معاشرے کو بچیوں کے لیے محفوظ بنانا چاہتے ہیں۔

ہمارا مطالبہ ہے کہ ایک طرف تو ایسے مجرموں کو فوری اور عبرت ناک سزائیں دی جائیں، دوسری طرف اس جرم کے محرکات کو ختم کرنے کے لیے میڈیا کے ضابطہ اخلاق پر مؤثر قانون سازی کی جائے۔ ہم عورت کی بھرپور ذہنی نشوونما اور صلاحیتوں کے اظہار میں یقین رکھتے ہیں اور معاشرے میں اس کے فعال کردار کو ایک صحت مند معاشرے کے لیے ناگزیر سمجھتے ہیں۔ اس غرض کے لیے ضروری ہے کہ خواتین کو تعلیم اور ترقی کے یکساں مواقع حاصل ہوں اور ان کو امتیازی رویوں کا نشانہ نہ بنایا جائے۔

ہمیں اس صورتحال پر بے حد تشویش ہے کہ پاکستان میں عورت جاہلانہ رسوم و رواج اور فرسودہ ذہنیت کا شکار ہوتی ہے۔ اسلام نے عورت کو بحیثیت

انسان اور بحیثیت ماں بہن اور بیٹی جو تکریم بخشی ہے عمومی معاشرے میں وہ نظر نہیں آتی۔ اکثر تعلیم یافتہ طبقات میں بھی عورت کو اسلام کے دیے ہوئے حقوق سے محروم رکھا جاتا ہے اور اس کو ذہنی و جسمانی تشدد کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ جہاں ہم اس کے لیے قانونی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں، وہاں ہم سمجھتے ہیں کہ بطور مسلمان ہمارا دین ہمارے لیے سرچشمہِ ہدایت ہے اور ان غلط معاشرتی رویوں کو بھی دینی شعور کی مدد سے درست کیا جاسکتا ہے۔
ہمارے ہاں منبر و محراب تبدیلی کا ایک مؤثر ذریعہ ہیں اور ان کا دائرہ عمل ہر جگہ پر ہے۔ یوم خواتین کے موقع پر ہم اپنے پروگرام کے ایک انقلابی نکتے کا اعلان کرتے ہیں اور وہ یہ کہ ہم ملک بھر کے شہروں، قصبوں اور گاؤں میں مساجد کے ائمہ اور خطیب حضرات سے اپیل کریں گے کہ وہ اپنے خطبوں میں خواتین کے احترام اور ان کے اسلامی حقوق کا شعور معاشرے میں اجاگر کریں، خواتین کے استحصال پر مبنی رویوں اور رسوم و رواج کی حوصلہ شکنی کریں اور گھریلو تشدد کی مذمت کریں۔ اس سلسلے میں ہم جلد اپنا تفصیلی پروگرام جاری کریں گے۔
ہم سمجھتے ہیں کہ عورت کی بہتری کا بہت سا انحصار ملک میں اچھا طرزِ حکمرانی میسر ہونے پر ہے۔ جماعت اسلامی حلقہ خواتین جمہوری جدوجہد کے ذریعے ایک دیانتدار اور مخلص متبادل قیادت فراہم کرنے کے پروگرام پر عمل پیرا ہے جس کے ذریعے پاکستان میں عورت کے مقام و مرتبہ کی بحالی، اس کے بنیادی انسانی حقوق کی فراہمی اور معاشرے میں اس کے فعال کردار کا فروغ ممکن ہوگا۔ جماعت اسلامی پاکستانی عورت کے دکھوں کا ازالہ چاہتی ہے اور اس بات کا عہد کرتی ہے کہ پاکستانی عورت کو بلا امتیاز علاقہ، مذہب و نسل اس کے جائز حقوق دلوانے کے لیے سب سے توانا آواز اٹھائے گی، اور اپنے اداروں کے ذریعے ہمیشہ آگے بڑھ کر جدوجہد کرے گی۔
عالمی یوم خواتین کے موقع پر جماعت اسلامی اس عزم کا اظہار کرتی ہے کہ ایک ماڈل نظام کے زریعے اس دن کو مسلمان عورت کی شان و شوکت کا دن بنائیں گے اور ان شاءاللہ اس حوالے سے ملک گیر سطح پر بھرپور آگہی مہم **"قوموں کی عزت ہم سے ہے"** کے عنوان سے **یکم تا ۲۰ مارچ** منائی جائیگی۔
اس مہم کو کامیاب بنانے کے لیئے پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا سمیت رائے عامہ کے رہنماوں کے ساتھ مشاورت اور اشتراک سے مختلف سرگرمیوں، رابطوں، پروگرامز اور تبادلہ خیال کی نشستوں کا اہتمام کیا جائیگا۔
مہم کے دوران خواتین کے حقوق و فرائض سے متعلق آگاہی کے ساتھ انکے حصول اور ادائیگی کے لیئے درست طریقہ کار اور لائحہ عمل پر بھرپور رہنمائی دیتے ہوئے معاشرے میں اصلاح احوال کے لیئے تحریک بیدار کی جائیگی
یکم مارچ کو لاہور میں ایک بہت بڑی خواتین کانفرنس منعقد کی جارہی ہے۔
۷ اور ۸ مارچ کو کراچی، اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ ایبٹ آباد اور دیگر بڑے شہروں میں خواتین کانفرنسز اور دیگر جگہوں پر واک کا اہتمام کیا جائیگا۔

۷ مارچ۔۔۔شکارپور، کنڈیارو، بدین، سکھر

۸ مارچ جیکب آباد، ٹنڈو محمد خان، میرپور خاص،

۹ مارچ۔۔۔لاڑکانہ (مارچ)

۳۱ مارچ۔۔۔حیدر آباد کانفرنس
۱۴ مارچ۔۔کراچی آرٹس کونسل میں موثر طبقات کا پروگرام
مختلف مقامات پر مشاورتی فورمز کا انعقاد
تقاریر مقابلہ، پوسٹر سازی کے مقابلے، آن لائن بلاگ رائٹنگ۔
خصوصی معلوماتی کتابچہ "نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم خواتین کے حقوق کے محافظ' بڑی تعداد میں تقسیم کیا جائے گا۔
خواتین کے حقوق پر کام کرنے والی دیگر سرکاری اور غیر سرکاری تنظیموں، اداروں اور افراد کے ساتھ خصوصی رابطہ کاری اور تبادلہ خیال کے زریعے مشترکہ نکات پر اشتراک عمل بڑھانے پور توجہ دی جائے گی۔
معاشرے میں خواتین کے تقدس اور احترام کو پامال کرنے والے عناصر اور مواد کی سختی سے حوصلہ شکنی کی جائے گی
عالمی یوم خواتین کے موقع پر میڈیا کے زریعے تمام پالیسی ساز اداروں اور مقتدر طبقات اور قوتوں سے **ہمارا مطالبہ ہے کہ**
☆ خواتین کے قانون وراثت، حق ملکیت، مہر، نان نفقہ اور کفالت کے نظام پر موثر عملدرآمد کیا جائے، خلاف ورزی پر بھاری جرمانہ عائد کیا جائے اور خواتین میں وراثت تقسیم نہ کرنے والوں کی جائداد ضبط کی جائے۔
☆ روایات کے نام پر ہونے والے ہر قسم کے جرائم کے خاتمے کے لیئے مجرموں کو موبائل عدالتوں کے ذریعے فوری کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔
☆ عدالتی نظام کی اصلاح کی جائے۔
☆ دوردراز گاؤں اور دیہاتوں تک خواتین کے لیئے بنیادی صحت کے مراکز کا جال بچھایا جائے۔
☆ ہر صوبے میں خواتین کے لیئے مفت پرائمری تعلیم کے ساتھ علیحدہ میڈیکل کالجز اور یونیورسٹیاں قائم کی جائیں۔
☆ خواتین کو ہراساں کرنے والوں کے خلاف قانون پر موثر عملدرآمد کروایا جائے۔
☆ خواتین کی خودکشی، چولھا پھٹنے اور ایسے دیگر حادثات کی فوری اور خصوصی تحقیقات لازم قرار دی جائیں۔
☆ مجبور اور بے سہارا خواتین کی کفالت کی زمہ داری ریاست اٹھائے اور ان کے لیئے باعزت اور محفوظ اقامتی ادارے قائم کئے جائیں۔
☆ بڑے شہروں میں کام کے اوقات میں خواتین کے لیئے خصوصی ٹرانسپورٹ فراہم کی جائے۔
☆ خواتین ورکرز کو معاشرتی روایات کے برخلاف ڈریس کوڈ اختیار کرنے پر مجبور کرنے والے اداروں کو پابند کیا جائے۔
☆ خواتین ورکرز سے طے شدہ اوقات کار سے زائد کام لینے پر سختی سے پابندی ہوگی۔
☆ ملازمت پیشہ خواتین کو زچگی کے لئے دو ماہ کی چھٹی (مکمل تنخواہ کے ساتھ) اور پرورش کے لئے آدھی تنخواہ پر چھٹی کا حق دیا جائے گا۔ چھٹی کے اس عرصہ میں خواتین کو ملازمت اور مقام ملازمت کا مکمل تحفظ حاصل ہوگا۔

☆ضلعی سطح پر کاٹیج انڈسٹریز قائم کی جائیں۔ چھوٹے پیمانے پر بزنس کرنے والی خواتین کو مارکیٹنگ اور بلاسودی قرضے آسان شرائط پر فراہم کیئے جائیں

☆خواتین کی جسمانی صحت، تندرستی اور تفریح کے لیئے اسلامی تصور حیا کے مطابق سرگرمیوں، اسپورٹس کی سہولیات اور مقابلوں کو فروغ دیا جائے

جماعت اسلامی اسلام کی روشنی میں خواتین کو ان کے قانونی، معاشی اور سیاسی حقوق کے ذریعے ملک وملت کی ترقی میں کردار ادا کرنے کا موقع فراہم کرنے کی قائل ہے۔ ہم یہ بھی سمجھتے ہیں کہ معاشرے کے استحکام کے لیئے خاندان کا استحکام ضروری ہے اور خاندان کے استحکام کے لیئے رشتوں کا احترام اور اجتماعی زندگی میں توازن ضروری ہے درحقیقت، سماجی توازن جب ہی قائم ہوسکتا ہے کہ مرد اور عورت دونوں اللہ کے متعین کردہ ذمہ داریوں کے دائروں سے فرار ہونے کے بجائے نبھانے کی کوشش کریں۔

دردانہ صدیقی	(سیکریٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان)
ڈاکٹر رخسانہ جبیں	(سابقہ سیکریٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان)
ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی	(ڈائریکٹر امور خارجہ حلقہ خواتین جماعت اسلامی)
ڈاکٹر حمیرا طارق	(ڈپٹی سیکریٹری حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان)
ثمینہ سعید	(ڈپٹی سیکریٹری حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان)
ربعیہ طارق	(صدر صوبہ وسطی پنجاب جماعت اسلامی حلقہ خواتین)
ڈاکٹر زبیدہ جبیں	(صدر لاہور جماعت اسلامی حلقہ خواتین)

International Women's day 2020

عورت! خاندان اور معاشرے کا دھڑکتا دل

"Woman! The Beating Heart of Family And Society"

Pearl Continental Hotel Lahore

International Women's day

عورت! خاندان اور معاشرے کا دھڑکتا دل

"Woman! The Beating Heart of Family And Society"

1st March 2020 Grand BallRoom PC. Lahore

محترمی ومکرمی! ______ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مارچ کا مہینہ موسم بہار کے اعلان کے ساتھ ساتھ خواتین کو معاشرے میں ممتاز و باعزت مقام دلانے کی نوید بھی بنتا ہے۔ ہر سال کی طرح آپ کے لیے خواتین کے عالمی دِن کے موقع پر ایک پروگرام کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس کا عنوان

عورت! خاندان اور معاشرے کا دھڑکتا دل

"Woman! The Beating Heart of Family And Society"

اتوار یکم مارچ 2020ء گرینڈ بال روم P.C، لاہور وقت: صبح 09:00 تا 07:00 بجے شام

متمنی شرکت:

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی

کُلنا مریم
we are all
maryam

کُلّنا مریم

القدس اور کشمیر کی عورت پر ظلم کی داستان

اتوار یکم مارچ 2020ء گرینڈ بال روم P.C، لاہور
Time: 03:30 am to 06:00 pm

پروگرام

تلاوتِ قرآن

افتتاحی کلمات: ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی

القدس اور کشمیر کی عورت پر ظلم کی داستان

جنگوں سے متاثرہ عورت: ڈاکٹر رخسانہ جبین

کلیدی خطاب: سینیٹر سراج الحق
امیر جماعت اسلامی پاکستان

آئندہ کا لائحہ عمل: سینیٹر کیپٹن (ر) ڈاکٹر کوثر فردوس

"We Are all Mary"

The story of Sufferings of the women of Al Quds, Kashmir, Syria and other armed conflict areas

Programme

Tilawat Quran:

Opening Remarks:
Dr. Samia Raheel Qazi

Story of
Al Quds & Kashmir

Presentation
Dr. Rukhsana Jabeen

Key note address:
Senator Sirajul Haq
Ameer Jamat-e-Islami Pakistan

Special Guest:
Müşerref Gündogdu

The Way Forward:
Senator (R) Cap
Dr. Kousar Firdous

1st March 2020 Grand BallRoom PC. Lahore **Time: 03:30 am to 06:00 pm**

کُلنا مریم
we are all
maryam


INTERNATIONAL WOMEN'S DAY
مارچ
عالمی یوم خواتین
PAIGHAM E PAKISTAN • A MESSAGE OF PEACE FROM PAKISTAN
دختران پاکستان
پروگرام عالمی یومِ خواتین
عورت! خاندان اور معاشرے کا دھڑکتا دل
"Woman! The Beating Heart of Family And Society "
اتوار یکم مارچ 2020ء گرینڈ بال روم P.C، لاہور
وقت: صبح 09:00 تا سہ پہر 3:30
پروگرام انشاءاللہ
زیرِ صدارت: محترمہ آشفہ ریاض فتیانہ
مہمانِ خصوصی: محترمہ دردانہ صدیقی صاحبہ
★ رجسٹریشن 9:00 تا 10:00
★ تلاوت قاریہ سمیہ حنان صاحبہ 10:00 تا 10:10
★ نعت حناء نصراللہ صاحبہ 10:00 تا 10:20
عورت اور خاندان کو درپیش عصری و تہذیبی چیلنجز ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی 10:20 تا 10:40
IMWU کی کامیابیوں کا سفر محترمہ شگفتہ عمر صاحبہ 11:00 تا 10:40
مذاکرہ: بیجنگ +25 کے تناظر میں عورت اور خاندان — امکانات، درپیش مسائل اور ان کا حل
شرکاء:
وائس چانسلرز، پروفیسرز، ڈاکٹرز، عالمات، اسٹوڈنٹس، ورکنگ ویمن، شوبز، اقلیتیں، سیاسی ورکرز 11:00 تا 01:00
★ آئیں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کا اظہار کریں۔ 01:00 تا 01:31
★ صدارتی خطبہ محترمہ آشفہ ریاض فتیانہ 01:30 تا 01:45
★ خطاب مہمانِ خصوصی محترمہ دردانہ صدیقی 01:45 تا 02:00
وقفہ برائے نماز ظہر، عصر، ظہرانہ 02:00 تا 03:35

C42

Hijab

Hijab

AIGHAM E PAKISTAN
International Women's day 2020
عورت! خاندان اور معاشرے کا دھڑکتا دل
"Woman! The Beating Heart of Family And Society"
Pearl Continental Hotel Lahore
epimiz Meryemiz
We Are All Mary
كلنا مريم
UKEAD

HIJAB
IS THE
IDENTITY

POLITICS

BAKHTAWAR BHUTTO ZARDARI is a Pakistani politician and socialite. From her compassion and commitment to well being of the society, emanates the support to the philanthropist initiatives in the areas of health and education. She engages with the workforce of different organizations, such as Dar-ul-Sukun and Markaz-e-Umeed to improve the lives of the underprivileged. Her efforts also include the collaboration with several other charity institutions to provide rehabilitation goods to those in need.

DR. SAMIA RAHEEL QAZI is a PhD in Family institution. She is the only female member of Council of Islamic Ideology Pakistan and former Member of the National Assembly. She is President, Asian Region, of International Muslim Women Union, an NGO Chartered by the United Nations Organization bearing Economic and Social Council (ECOSOC) status - the largest consortium representing Muslim Women from 70 Countries. She serves in various initiatives and organizations to serve women across the country and the world.

DR. YASMIN RASHID is a Pakistani politician and social activist who is the current Provincial Minister of Punjab for primary and secondary healthcare, and specialised healthcare and medical education. She served as the President the Pakistan Medical Association from 1998 to 2000, President of Pakistan Medical Association Lahore chapter from 2008 to 2010. She is a gynaecologist by profession. Rashid retired from government service in 2010 and joined Pakistan Tehreek-e-Insaf (PTI).

MARYAM NAWAZ is a Pakistani politician and the daughter of the former Prime Minister Nawaz Sharif. She is a prominent figure in Pakistani politics; Maryam is involved in political advocacy and has an interest in raising the standard of education. She is also described as the new face of the PML-N political party.

JUGNU MOHSIN is a Pakistani politician and journalist who is current member of the Provincial Assembly of Punjab. She won the 2018 Elections from PP 184 Constituency of Okara District by obtaining 62,506 votes as an independent candidate. Previously, she served as an editor of The Friday Times. She previously hosted an eponymous weekly talk show Jugnu. Born into a wealthy Punjabi family, Mohsin studied law at University of Cambridge, where she met and married journalist Najam Sethi.

PUBLIC SERVICE

AYESHA FAROOQ is a female Pakistani fighter pilot. Flight Lieutenant Ayesha Farooq is the first of six female fighter pilots in the force to qualify for battle. In 2013, she became first and only Pakistani female fighter pilot after topping the final exams to qualify. She will now participate in missions in a F7PG fighter jet alongside her 24 male colleagues in Squadron 20. In the process, she has become a role model for millions of girls in Pakistan. She is married to her cousin.

BUSHRA BIBI is the first veil-wearing First Lady of Pakistan, wife of the 22nd Prime Minister of Pakistan Imran Khan. Bushra Bibi is known for her connection to Sufi Islam. Prior to her marriage with Khan, she had been his spiritual mentor (murshid). Bushra Bibi was born to a conservative, politically influential family from central Punjab. She belongs to the Wattoo clan, of whom the Manekas are a sub-clan. She originates from the town of Pakpattan, located 250km southwest of Lahore.

DR. ANOOSH MASOOD is the current superintendent police (SP) of Lahore cantt. She has done her MBBS. After that she attempted for CSS exams and passed it with a good scoring. She chose the most honorable field to serve the people. She has also served in Khyber Pakhtunkhwa as an Assistant Superintendent Police. Dr Anoosh Masood has also been an intelligent student. She is the youngest of her siblings.

SUHAI AZIZ TALPUR is a Pakistani law enforcement officer, serving as Superintendent of Police (SP) since 2013, the third Sindhi woman to serve in the police force of the country. Talpur was praised for her leadership role in foiling the November 2018 terrorist attack on the Chinese consulate in Karachi, where all three attackers were killed in the ensuing gunfight with security forces. Talpur hails from a middle-class family of Bhai Khan Talpur village in Tando Muhammad Khan district.

TANIA AIDRUS is back in Pakistan after 20 years to lead the country into the digital age. At the 'Digital Pakistan' inauguration ceremony in Islamabad, the former Google executive shared her plan to lead the country's digital transformation. She spent more than half of her life outside Pakistan, studying at the world's best schools and working at the forefront of the global tech industry. She has done her MBA from prestigious Massachusetts Institute of Technology (MIT) and before returning to Pakistan, was Director, Product, Payments for Next Billion Users at Google.

THE NEWS
Women
POWER
50

Sunday, March 8, 2020
THE NEWS
Women
POWER
50
Jang
Media
Group
/thenewswomen
@thenewswomen
womenpower50.com

رپورٹ

2021ء

عالمی یوم خواتین

یہ ایک تسلیم شدہ حقیقت ہے کہ معاشرے کے حسن، وقار، تنظیم اور استحکام کا راز عورت کی پر خلوص قربانیوں اور لازوال جدوجہد میں پوشیدہ ہے مگر یہ بھی تاریخ عالم کی تلخ حقیقت ہے کہ دنیا کی بیشتر تہذیبوں میں عورت کو وہ مقام و مرتبہ نہیں دیا گیا جس کی وہ مستحق تھی۔ کبھی اسے گناہ کی جڑ، کبھی مرد کے پاؤں کی جوتی اور کبھی بازاروں میں فروخت ہونے والی جنسِ بے مایہ سمجھا گیا۔ اسے ہر خطے میں مظلوم، مجبور اور محروم رکھا گیا۔ اسے کوئی سماجی، معاشی اور سیاسی حقوق حاصل نہ تھے۔ ایسے میں زندہ درگور ہوتی ہوئی عورت کے لیے محسن نسواں نبی رحمتؐ ایک ایسا نظام لے کر آئے جس میں اسے انسانیت کے شرف سے نوازا گیا۔ قرآن کا اعلان نہایت صاف اور واضح ہے کہ حقوق کے اعتبار سے مرد اور عورت کا درجہ ایک ہے۔ جس طرح مرد کے حقوق عورت پر ہیں ٹھیک اسی طرح عورت کے حقوق مرد پر ہیں۔

(البقرہ:۲:۲۲۸)

”عورت کے لیے بھی معروف طریقے پر ویسے ہی حقوق ہیں جیسے مردوں کے حقوق ان پر ہیں۔ البتہ مردوں کو ان پر ایک درجہ حاصل ہے۔